## حق پرست عوام محترمہ صفیہ اکبر کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

کراچی۔۔۔23/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی سینئر رکن اور شعبہ خواتین یوکے کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ صفیہ اکبر کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## دعوت اسلامی پاکستان کے 3 رکنی وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## شب برات کو منعقد ہونے والے دعوت اسلامی کے اجتماع میں شرکت کی دعوت

کراچی۔۔۔23/اگست 2007ء

دعوت اسلامی پاکستان کے رہنماء یعقوب عطاری کی سربراہی میں تین رکنی وفد نے منگل کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد آکر رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب سے ملاقات کی اور رابطہ کمیٹی کو دعوت اسلامی کے تحت منعقد ہونے والے اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ وفد کے ارکان میں نیاز عطاری اور فرحان قادری بھی شامل تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی متحدہ علماء کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ عبدالحسیب نے وفد کی آمد پر ان کا خیر مقدم کیا اور دعوت اسلامی کے اجتماع میں شرکت کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے ایم کیوایم کی جانب سے شکریہ بھی ادا کیا۔

## حق پرست پینل نے عوامی شکایات کی بنیاد پر نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم حنیف سورتی، لیاقت آباد ٹاؤن کے یوسی ناظم، گلبرگ ٹاؤن کے نائب ناظم اور شاہ فیصل ٹاؤن کے کونسلر سے استعفےٰ لیکر انہیں ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا

کراچی۔۔۔23، اگست 2007ء

حق پرست پینل نے مختلف عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد حنیف سورتی سے استعفیٰ لیکر انہیں فوری طور پر ٹاؤن ناظم کی ذمہ داری سے سبکدوش کر دیا ہے۔ اسی طرح حق پرست پینل نے عوامی شکایات پر لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 9 کے حق پرست ناظم محمد ارتضیٰ خان، گلبرگ ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست نائب ناظم محمد اشرف اور شاہ فیصل ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست کونسلر سرفراز احمد پاشا سے استعفیٰ لیکر انہیں انکی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا ہے۔ حق پرست پینل نے واضح کیا کہ عوامی نمائندوں کی اپنے فرائض سے غفلت کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی۔ حق پرست پینل نے تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین اور کونسلروں پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپروائی کا مظاہرہ نہ کریں، عوام کی بلا امتیاز و تفریق عملی خدمت کریں اور عوامی مسائل کے حل پر بھرپور توجہ دیں۔

## ایم کیوایم کے کارکن فہیم احمد فاروقی کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن فہیم احمد فاروقی کے بڑے بھائی روید احمد فاروقی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## جماعت اسلامی تعلقہ ٹھل کے سابق جنرل سیکریٹری اور ابڑو اتحاد کے صدر سمیت مختلف شخصیات نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔23/اگست 2007ء

جماعت اسلامی تعلقہ ٹھل کے سابق جنرل سیکریٹری ہدایت اللہ پٹھان اور ابڑو اتحاد کے صدر علی درست ابڑو نے منظور حسین کھوسو اور علی گل مرہٹہ کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز جیک آباد زون میں ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن رشید بھیا ایم کیوایم جیکب آباد کی زونل کمیٹی کے انچارج ندیم بروہی سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم جیکب آباد زون کے جوائنٹ انچارج منیر احمد قریشی، اراکین سید شبیر حسین شاہ، عرفان احمد لاشاری، آفتاب بروہی، مشتاق احمد قریشی، ڈاکٹر شیر محمد بروہی، محمد بخش سومرو اور محمد انور سیال بھی موجود تھے۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والی شخصیات نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم، ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو متحد کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کا فکروفلسفہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ بھر میں ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے فروغ پارہا ہے اور انشاء اللہ بہت جلد ایم کیوایم پاکستان کی مزید مقبول عوامی جماعت بن کر سامنے آئے گی۔

## لاہور میں ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کی کامیابی حق پرستی کی فتح ہے، میڈیکل ایڈ کمیٹی

کراچی۔۔۔23/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ الحمراء ہال لاہور میں ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کی تاریخی کامیابی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور ان کے نظریئے کی فتح ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لاہور میں منعقد ہونے والے ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن میں پنجاب بھر سے ایم کیوایم کے کارکنان کی ہزاروں کی تعداد میں شرکت اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کو بدنام کرنے اور پنجاب کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈے ناکام ثابت ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ صوبہ سندھ کی طرح پنجاب کے عوام میں بھی حق پرستی کا فکروفلسفہ مقبول ہوگا اور پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام بھی فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں آکر جدوجہد کریں گے۔ ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان نے پنجاب ورکرز کنونشن کی کامیابی پر جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

☆☆☆☆☆